© rasailojaraid.com



پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر خاکوانی ڈین علامہ اقبال اوپن یونیورٹی

محترم عالی جناب ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

عیدالفطر مبارک، آپ میرے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے عید الفطر ۲۰۰۹ء کے پرسعادت موقع پر مبارکباد قبول فرمائیں۔ اسلامی روایات کے مطابق عید تمام عالم اسلام کے لئے خوشی اور مسرت کا باعث ہے۔

لیکن جب صورتحال یہ ہو کہ تمام عالم اسلام امریکہ کے استبدادی اور خونی پنجوں میں جکڑے ہونے کی وجہ سے لخت لخت ہو اور صومالیہ، بیروت، شیشان، فلپائن، اراکان (برما)، تپانی (ہانگ کانگ)، سنکیانگ (چین)، فلسطین، عراق، افغانستان، پاکستان کے پرامن قبائلی علاقہ اور لاتعداد مقامات پر ہمارے مسلمان بھائی، بہنوں، بیٹے، بیٹیوں اور معصوم بے زبان بچوں کا بہتا ہوا سرخ لہو، ماؤں کی اشک آمیز سسکیاں، بیوہ عورتوں کی دبی دبی آہیں اور معصوم یتیم بچوں اور بچیوں کے اداس اداس چہروں سے چھلکتے ہوئے اشک رواں ہمیں کیسے خوشی اور مسرت سے ہمکنار کر سکتے ہیں۔ ہماری حقیقی عید اس دن ہوگی جب تمام دنیا پر اسلام کا غلبہ ہوگا، اور ظلم وستم کا خاتمہ ہو جائے گا۔ میری آپ سے خصوصی التجاء ہے کہ آپ اس عید کے موقع پر اپنے ان مسلمان بھائی، بہنوں اور بچوں کے غم کو بھی یاد رکھیں اور حقیقی عید کے دن کے لئے بھی خصوصی دعائیں کریں۔

از حد شکریہ کے ساتھ:

پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر خان خاکوانی

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

© rasailojaraid.com